تنظیمِ اسلامی کا پیغام　　خلافتِ راشدہ کا نظام
بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ　　امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

18 ستمبر 2026ء

پریس ریلیز

موجودہ جنگیں درحقیقت 25 برس قبل نائن الیون کے ڈرامے کے بعد شروع کی گئی "وار آن ٹیرر" کا ہی تسلسل ہیں۔
مکہ مکرمہ کے بعد طائف پر مبینہ ڈرون حملوں کی میڈیا اطلاعات انتہائی پریشان کن ہیں۔
جب تک مسلم ممالک اپنے حقیقی دشمنوں کے خلاف متحد نہیں ہوتے، نقصان ہی اُٹھاتے رہیں گے۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): موجودہ جنگیں درحقیقت 25 برس قبل نائن الیون کے ڈرامے کے بعد شروع کی گئی ''وار آن ٹیرر'' کا ہی تسلسل ہیں۔ مکہ مکرمہ کے بعد طائف پر مبینہ ڈرون حملوں کی میڈیا اطلاعات انتہائی پریشان کن ہیں۔ جب تک مسلم ممالک اپنے حقیقی دشمنوں کے خلاف متحد نہیں ہوتے، نقصان ہی اُٹھاتے رہیں گے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ 25 برس قبل جب امریکہ میں ٹوئن ٹاورز گرانے کا ڈرامہ رچا کر بغیر کسی ثبوت کے الزام عالمِ اسلام پر دھر دیا گیا تو اُس وقت کے امریکی صدر جارج بُش نے واضح اعلان کیا تھا کہ افغانستان پر حملوں سے ایک نئی 'کروسیڈ' کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہی کروسیڈ، جس کے پیچھے صہیونی سازش کھڑی ہے، آج پوری دنیا کو آگ اور خون کی لپیٹ میں لے چکی ہے۔ گزشتہ 25 سالوں کے دوران امریکہ نے ایک بدمست ہاتھی کی طرح پہلے چالیس ممالک کے اتحاد کے ساتھ افغانستان پر حملہ کر کے لاکھوں مسلمانوں کو شہید کیا اور پھر 'ویپنز آف میس ڈسٹرکشن' (WMDs) کا جھوٹا بہانا بنا کر برطانیہ کو ساتھ ملایا اور عراق پر حملہ کر کے وہاں بھی لاکھوں مسلمانوں کو شہید کر دیا۔ اِس کے بعد لیبیاء، شام اور اب غزہ، لبنان اور ایران پر حملے کر کے صہیونیوں کے ' گریٹر اسرائیل' کے دجالی منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں آگے بڑھ رہا ہے۔ دوسری طرف مسلم ممالک کی حالتِ زار یہ ہے کہ وہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے کے درپے ہیں، جس کا بھرپور فائدہ امریکہ اور ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل اُٹھا رہے ہیں۔ امریکہ کا سرزمینِ عرب میں قائم اڈوں سے ایران پر حملے جاری رکھنا اور جوابی طور پر ایران کا عرب ممالک پر حملے کرنا انتہائی تشویش ناک صورتِ حال اختیار کر چکا ہے۔ پھر یہ کہ حوثیوں اور سعودی عرب کے مابین بڑھتی ہوئی کشیدگی اور میڈیا اطلاعات کے مطابق پہلے مکہ مکرمہ اور اب طائف پر ڈرون حملے دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے انتہائی پریشان کن ہیں۔ اِسی دوران ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل نے تباہ حال غزہ پر دوبارہ بمباری شروع کر دی ہے اور صہیونیوں کو اِس غیر انسانی ظلم سے روکنے کے لیے کوئی مسلم ملک یا 'دفاعی اتحاد' عملی قدم اُٹھانے کے لیے تیار دکھائی نہیں دیتا۔ بھارت بھی مقبوضہ کشمیر اور دیگر کئی بھارتی ریاستوں میں مساجد گرانے اور مسلمانوں پر ظلم ڈھانے میں مصروف ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ جب تک مسلم ممالک اپنے اصل دشمنوں یعنی اسرائیل، امریکہ اور بھارت کے خلاف متحد ہو کر سیاسی اور سفارتی دباؤ بڑھانے کے ساتھ معاشی پابندیاں لگانے اور بالآخر عسکری اتحاد بنانے کے لیے عملی اقدامات نہیں اُٹھاتے، اُس وقت تک آپس کے تفرقہ اور جنگ میں ہی مبتلا رہیں گے جس کا فائدہ دشمن کے سوا کسی کو نہ ہوگا۔ آخر میں اُنہوں نے دعا کی اللہ تعالیٰ مسلم ممالک کے حکمرانوں کو اسلام کا بول بالا کرنے اور طاغوتی قوتوں کو شکستِ فاش دینے کے لیے باہمی اتحاد قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: September 18th, 2026

The ongoing wars are, in reality, a continuation of the "War on Terror" launched 25 years ago following the staged events of 9/11.

Media reports of alleged drone attacks on Taif, following Makkah al-Mukarramah, are deeply disturbing.

Muslim Countries will continue to suffer losses until they unite against their real enemies.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): These views were expressed by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that 25 years ago, when the destruction of the Twin Towers in the United States was staged and the blame was placed on the Muslim world without any evidence, the then US President George Bush openly declared that the attacks on Afghanistan marked the beginning of a new "crusade." The reality is that this very crusade, behind which lies a Zionist conspiracy, has today engulfed the entire world in fire and bloodshed. Over the past 25 years, the United States, acting like a rampaging elephant, first attacked Afghanistan with a coalition of 40 countries, resulting in hundreds of thousands of Muslims becoming shaheed, and then, using the false pretext of "Weapons of Mass Destruction" (WMDs), enlisted Britain and invaded Iraq, where hundreds of thousands more Muslims became shaheed. Thereafter, through attacks on Libya, Syria, and now Gaza, Lebanon, and Iran, it has continued advancing towards the fulfilment of the Zionists' Dajjali Greater Israel project. On the other hand, the plight of Muslim countries is such that they are bent on fighting and killing one another, a situation that the United States and the illegitimate Zionist state of Israel are exploiting to the fullest. The United States' continuing attacks on Iran from bases established in Arab lands, and Iran's retaliatory attacks on Arab countries, have created an extremely alarming situation. Furthermore, the escalating tensions between the Houthis and Saudi Arabia, coupled with media reports of drone attacks first on Makkah al-Mukarramah and now on Taif, are deeply disturbing for Muslims throughout the world. Meanwhile, the illegitimate Zionist state of Israel has resumed its bombardment of devastated Gaza, yet no Muslim country or "defence alliance" appears prepared to take practical action to stop the Zionists from perpetrating this inhuman oppression. India, too, is engaged in demolishing mosques and perpetrating atrocities against Muslims in Occupied Kashmir and several other Indian states.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that until Muslim countries unite against their real enemies – Israel, the United States, and India – and take practical measures to increase political and diplomatic pressure, impose economic sanctions, and ultimately establish a military alliance, they will remain embroiled in mutual division and conflict, from which no one but their enemies will benefit. In conclusion, he prayed that Allah (*SWT*) grant the rulers of Muslim countries the ability to forge mutual unity for the ascendancy of Islam and to inflict a crushing defeat upon the Taghuti forces. Ameen!

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat